


LCI
LUCKY CORE INDUSTRIES

#JourneyOfEnrichingLives

YBG

فرٹی کے 50



فرٹی کے 50 پانی میں حل پذیر کھاد ہے جس میں پوٹاش کے علاوہ سلفر کی اضافی مقدار بھی موجود ہے۔ پودے کی افزائش، طاقت اور پیداوار کے لیے ضروری ہے۔
فرٹی کے 50 کے استعمال سے فصل کی پیداوار، کوالٹی اور وزن میں اضافہ ہوتا ہے۔

سفارشات برائے استعمال

مقدار فی ایکڑ فی 100 لیٹر پانی میں	وقتِ استعمال
2 کلوگرام	جب فصل 60 دن کی ہو تو پہلا اسپرے کریں اور 15 دن کے وقفے سے دو سے تین مرتبہ اسپرے دہرائیں

مائنیکٹو اِیکسٹرا



مائنیکٹو اِیکسٹرا وسیع دائرہ اثر والا جدید زہر ہے جو لمسی اور شکمی طریقہ اثر کی بدولت سنڈیوں کے جسم سے کیلشیم آئینز کے بہاؤ کو متاثر کر کے پٹھوں کی حرکت کا نظام درہم برہم کر دیتا ہے اور سنڈیوں کی بیرونی جلد کا ئٹن کو بننے سے روک دیتا ہے جس کی وجہ سے نقصان دہ کیڑے سست اور مفلوج ہو کر خوراک لینا بند کر دیتے ہیں اور بلا آخر ان کی موت واقع ہو جاتی ہے۔

ڈائی تھرین

10 فیصد (w/v) ای سی



ڈائی تھرین کپاس کی فصل میں سبز تیلا، سفید مکھی، جوؤں اور سنڈیوں کے کنٹرول کیلئے نہایت مؤثر ہے۔ یہ لمسی اور شکمی طریقہ اثر کی وجہ سے قوت مدافعت رکھنے والے کیڑوں پر بہترین کنٹرول فراہم کرتا ہے۔

سفارشات برائے استعمال

نقصان دہ کیڑے	مقدار فی ایکڑ
گلابی، امریکن، چتکبری سنڈی اور جوئیں	250 ملی لیٹر فی ایکڑ

لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ۔ ایگری سائنسز
63- مزنگ روڈ لاہور۔
ہیلپ لائن: 0800-73337

نوٹائل

72 فیصد ڈبلیو پی



نوٹائل ایک ایسا منفرد پھپھوندی کش زہر ہے جو بیماریوں کے خلاف تیزی سے اثر کرتا ہے اور پھپھوندی کے سپورز کو ختم کر کے بیماریوں پر بہترین کنٹرول فراہم کرتا ہے۔

سفارشات برائے استعمال

بیماریاں	شرح استعمال
پچھیتا جھلساؤ (Late Blight)	600 گرام فی ایکڑ

ریکاڈوایکسٹرا

60 فیصد ڈبلیو جی



ریکاڈوایکسٹرا ایک نہایت منفرد اور مؤثر پھپھوندی کش زہر ہے جو پھپھوندی اجسام میں توانائی بننے کے عمل کو روک کر بیماریوں پر مکمل کنٹرول فراہم کرتا ہے۔

ایزوسٹار

18.7 فیصد ایس سی



ایزوسٹار دو مختلف مالیکیولز پر مشتمل ایک طاقتور اور جدید کیمیا ہے جو کہ حفاظتی اور معالجاتی طریقہ اثر سے بیماریوں پر اثر انداز ہوتا ہے۔ **ایزوسٹار** فنجائی کے عمل تنفس کو روک کر بیماریوں پر مکمل کنٹرول فراہم کرتا ہے۔

فرٹی ہیوما



فرٹی ہیوما زمین میں نامیاتی مادے کی کمی کو پورا کرتا ہے۔ جس سے زمین کی زرخیزی میں اضافہ ہوتا ہے۔

سفارشات برائے استعمال

مقدار استعمال	وقت استعمال
8 کلوگرام فی ایکڑ	زمین کی تیاری کے وقت استعمال کریں

زنگرین



زنگرین پودے میں زنک اور سلفر کی کمی پوری کرتا ہے۔ زنگرین دانے دار ہونے کی وجہ سے چھڑکنے میں انتہائی آسان ہے۔

سفارشات برائے استعمال

مقدار استعمال	وقت استعمال
7.5 کلوگرام فی ایکڑ	100 فیصد پودے نمودار ہونے پر چھڑکیں

فرٹی یوریا



فرٹی یوریا ایک منفرد کھاد ہے جو اپنی جدید کوٹنگ ٹیکنالوجی کی وجہ سے فصلوں کو لمبے عرصے تک نائٹروجن اور سلفر کی فراہمی یقینی بناتا ہے۔

سفارشات برائے استعمال

مقدار استعمال	وقت استعمال
25 کلوگرام فی ایکڑ	پہلی کھاد کے 6 سے 7 دن بعد اور بعد میں 15 سے 20 دن کے وقفے سے دوہرائیں

پینڈینٹ



پینڈینٹ ایک وسیع الاثر زہر ہے جو چوڑے پتے اور گھاس نما خاندان کی جڑی بوٹیوں کا خاتمہ کرتا ہے۔

ایل سی آئی امائینو



ایل سی آئی امائینو، امائینو ایسڈز اور دیگر مائیکرو نیوٹرینٹس پر مشتمل ایک منفرد فارمولا ہے۔ جو پودے کیلئے ایک مکمل نامیاتی غذا ہے اور پودے کی بڑھوتری اور پیداواری مرحلے پر استعمال کیلئے یکساں مفید ہے۔ **ایل سی آئی امائینو** کے استعمال سے قوت مدافعت بڑھنے سے پودے غیر حیاتیاتی دباؤ سے محفوظ رہتے ہیں اور فصلوں کی پیداواری کوالٹی اور وزن میں اضافہ ہوتا ہے۔

سفارشات برائے استعمال

مقدار فی ایکڑ	وقت استعمال
500 ملی لیٹر فی 100 لیٹر پانی	پہلا اسپرے مکمل اُگاؤ پر، دوسرا اسپرے بجائی کے 45 دن بعد (آلو بننے پر)

کاک پٹ



کاک پٹ قدرتی اجزاء پر مشتمل ایک بائیو اسٹیمولینٹ ہے جو کہ پودوں میں جڑ، تنے، شاخوں کی بڑھوتری اور نشوونما میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ **کاک پٹ** پودے کے اندر خوراک کے بہاؤ اور ساخت میں بہتری کے علاوہ غیر حیاتیاتی دباؤ کے خلاف تحفظ اور قوت مدافعت میں بھی اضافہ کرتا ہے۔ **کاک پٹ** کے اسپرے سے پھولوں اور پھلوں کی مقدار بڑھنے سے پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے۔

سیگابلو 40 فیصد ایس سی



سیگابلو دو طاقتور زہروں (کاسوگامائیسن اور آگزائن کاپر) کے اجزاء پر مشتمل ایک وسیع الاثر سرائیت پذیر بیکٹیریا کش اور پھپھوندی کش زرعی زہر ہے، جو کہ اپنی حفاظتی اور معالجاتی خصوصیات کی بناء پر خلیوں کے اجسام میں پروٹین بننے کے عمل کو روک دیتا ہے۔ جس سے بیکٹیریا اور پھپھوندی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کا مکمل خاتمہ ہو جاتا ہے۔

میکسل



میکسل دو پھپھوندی کش زہروں پر مشتمل منفرد کیمیا ہے۔ **میکسل** پودے کی سطح پر تہہ بنا کر پھپھوندی کے نظام تنفس کو متاثر کرتا ہے۔ جس سے پھپھوندی کے سپور زکا اگاؤ رک جاتا ہے۔ اور سرائیت پذیری کی وجہ سے پھپھوندی کی بڑھوتری اور افزائش نسل رکنے سے بیماریوں کا پھیلاؤ ناممکن ہو جاتا ہے۔

سفارشات برائے استعمال

بیماریاں	شرح استعمال
اگیتا اور پچھیتا جھلساؤ	250 گرام فی ایکڑ